بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجربات شبانیہ

جناب حکیم نذیر حسین شبانی صاحب

(سکھر)

0300-3134473

ناشر

جامع مسجد بابا حید رشاہ۔ محلہ الہیار۔ ٹنڈو آدم۔ ضلع سانگھڑ۔ سندھ۔ پاکستان۔ 68050

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥

حرفِ اول

تمام تعریفیں مالک کائنات کے لیے ہیں اور لاتعداد درود وسلام سیدنا محمد ﷺ کے لیے ہیں جن کے طفیل انسانیت کی خدمت جیسی دولت نصیب ہوئی۔

زیرِ نظر کتاب ''مجرباتِ شبانیہ'' جناب حکیم نذیر حسین شبانی صاحب آف سکھر کے مجربات و معمولات کا مجموعہ ہے۔فائدہ اٹھانے والوں سے دعا کی درخواست ہے۔

احقر

محمد یونس قادری

۷ جولائی ۲۰۲۱ء

بدھ

کشتہ سکہ

ھوالشافی: پہلے بڑے بڑے بینگن لیں۔اس میں پانچ تولہ شب یمانی پیس کر اوپر کی طرف سے سوراخ کر کے ڈال کر بند کر کے کپڑوٹی لگا کر بھوبھل میں دبا دیں۔جب گرم ہو جائے تو نکال کر کپڑے سے نچوڑ کر پانی نکالیں۔اس طریقے سے پانچ کلو پانی نکال لیں۔اب سکہ مصفیٰ ایک پاؤ کو اسٹیل کی کڑھائی میں کر ڈال پگھلائیں۔اور بینگن کی ڈنڈی پھیرتے جائیں تاکہ پاؤڈر ہو جائے۔اس پاؤڈر کو چھان کر ایک پاؤ پانی بینگن سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے روغنی ہنڈیا میں آدھا کلو بینگن کے پتوں کا نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ کلو کی اگ دیں۔اس طرح پانچ آگ پانچ کلو اوپلوں کی دینی ہیں۔اس پانچ عمل کے بعد سات کلو کی اگ دینی ہے۔اس کے بعد پانچ عمل میں دس کلو کی اگ دینی ہے۔اب پانچ عمل کے بعد پندرہ کلو کی اگ دینی ہے آخر میں ایک آگ ایک کلو بینگن کا پانی ڈال کر گل حکمت کر کے بیس کلو کی دینی ہے۔یہ سنہرے رنگ کا اکسیر تیار ہوگا۔یہ کشتہ سکہ میں نے دو مرتبہ تیار کیا ہے۔میرا آزمودہ ہے جو اوصاف سونے کے کشتہ میں ہیں یہ اس سے دوگنا زیادہ کام کرتا ہے۔محنت سے سکہ بھی سونا بن سکتا ہے بنائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔
خوراک دو چاول مکھن یا ایک پیالہ ملائی میں نہار منہ دیں۔عضوئے رئیسہ کا کامل علاج ہے اور شوگر کا اکسیری علاج ہے۔

سکہ کو صاف کرنے کا طریقہ

سکہ کو صاف کرنے کا طریقہ آپ دوستوں کے نظر کرتا ہوں جو چاندی کی طرح ہو جائے گا۔سہاگہ دو تولہ۔انڈے کی سفیدی پانچ عدد میں کھرل کر بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔سکہ کو پگھلا کر ایک ایک کر کے گولیاں ڈالیں ساری سلیگ اس سے چمٹ جائے گی بعد میں نکال لیں۔سکہ چاندی کی طرح چمکے گا۔

ٹائیفائیڈ

خاکسی تین گرام۔شاہترہ تین گرام۔عناب پانچ دانے۔مویز منقیٰ سات دانے۔اجوائن چار گرام۔گاؤزبان چار گرام۔گلو تین گرام۔دانہ الائچی خورد تین دانے۔اگر کھانسی ہو تو الائچی کی جگہ ملٹھی اور گل بنفشہ تین تین گرام ڈال لیں۔یہ ایک پڑیہ کا وزن ہے اس طرح سات پڑیہ سات دن کے لیے بنالیں۔ایک پڑیہ چھ کپ پانی میں پکائیں جب تین کپ رہ جائے تو اتارلیں اور چھان کر مناسب میٹھا ملا کر دن میں تین بار پلائیں۔مجرب المجرب ہے۔

گندک سفید کا نسخہ

یہ چاندی پارہ نوش اور مردہ جراثیم زندہ کرتا ہے۔گندھک سو گرام۔سوڈا کاسٹک سو گرام۔دونوں کو آپس میں کھرل کریں۔جب گارا بن جائے تو پلاسٹک کی بالٹی میں چار کلو پانی میں ڈال کر رکھ دیں۔چار گھنٹے کے بعد دو تولہ ٹاٹری کی سات یا آٹھ بار چٹکیاں دیں۔گندھک سفید نیچے بیٹھ جائے گی۔نہارا احتیاط سے کریں۔خوراک دو سو پچاس ملی گرام صبح و شام دودھ کے ساتھ دیں۔

نسیان

یہ نسخہ اگر کسی بوڑھے کو کھلائیں گے تو بچپن کی باتیں بھی یاد آئیں گی۔نسیان کے لیے اس سے بڑھکر کوئی نسخہ نہیں ہے دماغ کو قوت دیتا ہے عضوئے رئیسہ کے لیے مجرب المجرب ہے۔شاخ مرجان پانچ تولہ۔مغز جوان بکرا دو عدد۔کھوپرے کے دو عدد کھوپے جن کے لب برابر ہوں۔روغن بادام ایک پاؤ۔روغن زرد یعنی گائے کا گھی ایک پاؤ۔کھوپرے کے اندر بکرے کا مغز ڈال کر او پر سے مرجان اور اس کے اوپر مغز بکرا اس کے بعد دوسرا کھوپرہ چڑھا کر دھاگا لپیٹ کر روغنی ہانڈھی میں ڈال کر اوپر سے گھی اور بادام روغن ڈال کر گل حکمت کر کے بیس کلو کی آگ دیں۔سفید کشتہ ہوگا دس تولہ عرق گلاب میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ کر کے تین دن نمناک جگہ زمین میں دفن کر کے بعد میں استعمال میں لائیں۔خوراک ایک رتی مکھن سے صبح نہار۔

کشتہ نقرہ اکسیری

کشتہ نقرہ کا ایک اکسیری نسخہ جو سات خوراک میں بندے کو فٹ کر دیتا ہے۔طاقت کا سرچشمہ ہے۔خفقان قلب۔چہرے کی جھریاں جریان واحتلام۔مغلظ منی۔قوت باہ اور انتشار کے لیے لاجواب چیز ہے جہاں جی چاہے آنکھیں بند کر کے دے سکتے ہیں۔

نقرہ کا پترہ دو تولہ۔مغز ریٹھا دس تولہ۔ریٹھے کے تخم کا چھلکا ایک پاؤ۔دودھ مدار ایک کلو۔سوتی کپڑا تین کلو۔

مغز ریٹھا کو باریک کر کھرل میں ڈال کر دودھ مدار سے کھرل کر کے گولا بنا کر اس میں نقرہ کا پترہ بند کر رکھیں۔اب چھلکا ریٹھا کو باریک کر کے دودھ مدار سے کھرل کر کے تین پاؤ دودھ جذب کرائیں کہ گولا بننے کے قابل ہو جائے تو اب پہلے والے گولے کو اس چھلکے والے نغدے میں بند کر کے اوپر سے سوتی کپڑا لپیٹ کر بند بال کی طرح بنا کر محفوظ الھواکسی تگاری میں رکھ کر بند کمرے میں اوپر سے جلتا ہوا کوئلہ رکھیں۔یہ تین دن کے بعد ٹھنڈا ہوگا اور بتاشے کی طرح پھولا ہوا کشتہ ہوگا۔کھرل کر کے رکھیں۔کانچ والی شیشی میں رکھیں۔خوراک ایک رتی مکھن میں شام کو دیں۔کثرت سے دودھ پلائیں۔بہت بھوکا کشتہ ہے۔دودھ۔مکھن۔گھی بہت ہضم کرتا ہے۔سیماب کو بھی کھا جاتا ہے۔

خنازیر اور غدود شکم

ھوالشافی: دنبے کے سینگ سوختہ کر کے رکھیں۔بس خنازیر اور غدود شکم کا بفضلہٖ تعالیٰ شافی علاج ہے۔خوراک دو ماشہ صبح وشام عرق عشبہ سے دیں۔دودھ اور مکھن سے بھی دے سکتے ہیں۔

وجع المفاصل ونقرس

وجع المفاصل ونقرس کے لیے مجرب المجرب ہے۔آپ کے نظر کرتا ہوں۔

ھوالشافی: دنبے کے سم جتنے بھی ہوں سوختہ کر اس کے برابر انیسیون ملالیں اور ان دونوں کو باریک کر کے کے ملالیں۔اب دو چند شہد دیسی ملا کے معجون تیار کریں۔خوراک ایک تولہ نیم گرم دودھ کے ساتھ۔

سفوف اکسیر جگر

کالے پیلے یرقان کے لیے نسخہ آپ کی نظر کرتا ہوں۔

ھوالشافی: ریوند چینی سو گرام۔کلو نجی سو گرام۔ریوند خطائی پچاس گرام۔نوشادر پچاس گرام۔شورہ قلمی پچاس گرام۔زیرہ سفید پچاس گرام۔سب کو کوٹ کر کپڑ چھان کر کے سفوف بنا لیں۔

اگر استسقاء ہو تو نوشادر کی جگہ بیر بہوٹی پچاس گرام ملانی ہے۔خوراک دو گرام نہار منہ عرق بادیاں آدھے کپ سے دیں اور دوسری خوراک شام کو پانچ بجے دیں۔میرا معمول مطب ہے۔

گرمی جگر کے لیے شربت

گرمی جگر کے لیے اکسیر شربت کا نسخہ آپ کے نظر کرتا ہوں جو HB لیول بھی پورا کرتا ہے۔

ھوالشافی: چقندر جتنا بھی لیں۔اس کو آلو کی طرح گول کاٹ کر سوئی دھاگے سے اس طرح لٹکائیں جیسے انجیر کی لڑیاں بنتی ہیں اور اس کو سائے میں دونوں طرف سے چھت کے ساتھ باندھیں۔جب خشک ہو جائے تو کوٹ کر برنی میں رکھیں۔اب اس سفوف میں سے سو گرام ایک بوتل عرق گلاب سہ آتشہ میں بھگو دیں۔بارہ گھنٹے کے بعد جوش دیں اور چھان کر صاف دیگچی میں ڈال دیں اور ایک پاؤ سرکہ انگوری اور مصری تین پاؤ ڈال کر قوام تیار کریں۔بس شربت تیار ہے۔مقدار خوراک دو تولہ شربت ایک گلاس پانی میں حل کر کے تین بار دن میں دیں۔اگر کمزور آدمی ہے تو کشتہ ابرک سیاہ ایک سو ایک آتشہ یا کشتہ فولاد موسمی پھلوں سے تیار کیا ہوا مریض کو دیں گے تو سونے پر سہاگہ ہے۔

معدہ و جگر کا ٹانک

یہ بھوک کو بڑھاتا ہے۔ضود ہضم ہے۔جگر کی ہر بیماری کے لیے لاجواب ہے۔

ھوالشافی: آب گھیکوار پانچ کلو۔عرق گلاب سہ آتشہ چار بوتل۔سرکہ انگوری تین بوتل۔نوشادر پچاس گرام۔ چینی چھ کلو۔سب کو ملا کر کسی مٹکے میں میں ڈال کر منہ پر ململ کا کپڑا باندھ کر دھوپ میں اکیس دن رکھیں۔اگر چینی کی جگہ شہد دیسی ڈالا جائے تو سونے پہ سہاگہ ہے۔ خوراک ایک چمچہ صبح و شام کھانے سے پہلے۔

صدری مرہم

ایک مرہم کا صدری نسخہ جو حکیم کہ قبر میں لے جانا پسند کرتے ہیں مگر دینے کے لیے بہت کاسر ہوتے ہیں۔کسی بھی حادثے میں کسی بھی عضو سے گوشت ہڈیوں تک نہ رہے تو اس کے لیے آپ کی نظر کرتا ہوں۔یہ ایک مجرب المجرب مرہم ہے۔

ھوالشافی: گائے کا گوشت ایک کلو۔روغن سرسوں آدھا کلو۔کافور ایک سو پچیس گرام۔زنک آکسائیڈ ایک سو پچیس گرام۔بورک ایسڈ ایک سو پچیس گرام۔سونا گیرو پچیس گرام۔

ترکیب تیاری: گوشت کے باریک ٹکڑے کر کے روغن سرسوں میں بھون لیں۔جلنے نہ پائیں۔پھر تیل سے باہر نکالیں اور حمام دستے میں کوٹیں کہ یکجان موم ہو جائے۔اب پتھر کی کونڈی میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا روغن سرسوں جو کہ کڑھائی میں پڑا ہے وہ ڈالتے جائیں اور رگڑائی کرتے رہیں۔بقایا ادویہ کو اچھی طرح مکس کے ایک ایک چمچہ ڈالتے جائیں۔روغن اور اس طرح دوسری ادویات ملا کرحتی کہ یہ

ایک سرخ رنگ کا مرہم تیار ہو جائے۔
ترکیب استعمال: کسی کپڑے پر لگا کر زخم پر رکھیں اور پٹی باندھیں۔ روزانہ لگائیں۔بیس دن میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اوپر گوشت آجائے گا اور زخم بھر جائے گا۔

گردے اور مثانہ کی پتھری

پتھری زیادہ سے زیادہ پانچ دن میں بفضلہ تعالی خارج ہو جاتی ہے۔
ھوالشافی: قلمی شورہ خالص پچاس گرام۔جگنو بیس عدد۔شورے کو اسٹیل کے برتن میں پگھلا کر جگنو ڈال دیں۔اتار کر رکھیں۔ٹھنڈا ہونے پر کھرل کر کے کانچ والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔خوراک ایک گرام مکھن میں بند کر کے دیں اوپر سے گائے کے دودھ کی لسی پلائیں۔

امراض گردہ

گردے کا سکڑ جانا۔گردے کا ورم۔کریٹین کا بڑھ جانا۔پتھریاں اور گردے کے ہر مرض پر اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ڈائیلاسز والے مریض بھی بفضلہ تعالی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔
ھوالشافی: دیسی گلاب کے پھول کی پتیاں پچاس گرام۔صندل سفید کا برادہ چالیس گرام۔جوکھار چالیس گرام۔قلمی شورہ تیس گرام الائچی خورد بارہ گرام۔سب کا باریک کپڑ چھان سفوف بنائیں۔خوراک چار گرام دن میں چار بار عرق کاسنی بارہ تولہ میں ایک چمچہ شہد دیسی حل کر کے کھلائیں۔ایک ماہ میں بالکل مریض بفضلہ تعالی ٹھیک ہو جاتا ہے۔

درد معدہ

جہاں کوئی دواء کام نہ کرے وہاں پہلی خوراک سے مریض ٹھیک ہو جاتا ہے۔جہان ڈاکٹر صاحبان کی کوئی دواء کام نہ کرے اس اکسیر کی پہلی خوراک سے درد ختم ہو جاتا ہے۔
ھوالشافی: مغز ہرنولی ایک پاؤ کو ہلکا سا روغن زرد میں بریاں کر کے نکال کر کوٹ لیں۔اس کے بعد زنجبیل پچیس گرام۔سونف پچاس گرام۔دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔سب کو باریک کوٹ چھان کر ملائیں۔اب کلو دودھ گائے میں ایک کلو مصری ڈال کر پکائیں۔جب گاڑھا ہو جائے تو بقیہ ادویہ ڈال دیں یہ کھویا بن جائے گا۔اتار کر رکھیں۔ٹھنڈا ہونے پر پچاس پچاس گرام کی ڈبیاں بھر لیں۔ایک مریض کے لیے ایک ڈبیہ کافی ہے۔بنائیں اور مخلوق خدا کی خدمت کریں۔اپنے شفاخانے کی زینت بنائیں۔خوراک چھ گرام صبح و شام۔

معدہ و جگر کے لیے شربت

ھوالشافی: سونف ایک پاؤ۔زرشک ایک پاؤ۔مویز منقی ایک پاؤ۔چار کلو عرق مکو میں جوش دیں۔جب دو کلو پانی رہ جائے چھان کر ڈیڑھ کلو نبات اور پانچ سو گرام گلوکوز ڈال کر قوام تیار کریں اور دو تولہ چھوٹی الائچی کا سفوف بنا کر دیگچی کو اتار کر چھڑک کر ڈھکن دے کر بند کر دیں اور ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں بھر لیں۔معدہ و جگر کی گرمی۔پیاس کی شدت اور قبض کے لیے لاجواب شربت ہے۔خوراک دو

تولہ ایک گلاس پانی میں حل کر پلائیں۔دن مین تین بار۔بفضلہٖ تعالیٰ کلی شفا ہو گی۔

ریاح معدہ وضعف جگر

اپھارہ۔ریاح معدہ۔نظام ہضم اور ضعف جگر کے لیے بے بہا چیز ہے۔

ھوالشافی: الائچی سبز چھ گرام۔فلفل سیاہ چھ گرام۔نوشادر بارہ گرام۔افسنتین تیس گرام۔ریوند چینی بارہ گرام۔چرائتہ بارہ گرام۔نمک لاہوری بارہ گرام۔جدوار خطائی بارہ گرام۔قلمی شورہ دس گرام۔جوہر پودینہ چھ گرام۔حسب دستور سفوف بنا کر رکھیں۔خوراک دو گرام لسی سے دیں یا عرق مکو سے دیں۔

جگر کی وجہ سے ورم

جگر کی بیماریوں کی وجہ سے سوجن ہو جاتی ہے اس کے لیے نسخہ آپ کے نظر کرتا ہوں۔

ھوالشافی: چرائتہ سو گرام۔ریوند چینی سو گرام۔نوشادر دوسو گرام۔مصبر دوسو گرام۔ہلیلہ کلاں ڈوڈی کے بغیر فقط اس کا چھلکا دوسو گرام۔مکو کے پتے سایہ میں خشک کئے ہوئے دوسو گرام سب کو کوٹ کر کپڑ چھان کر کے سوف بنالیں۔خوراک دو سے تین گرام عرق برنجاسف کے ساتھ دن مین دو بار دیں۔بفضلہٖ تعالیٰ کلی شفا ہو گی۔

ناسوری زخم

ناسور کی وجہ سوراخ ہو جاتے ہیں اور جو زخم کسی دوا سے اچھا نہ ہو اس کے لیے مجرب ہے۔

ھوالشافی: سفید کاشغری چالیس گرام۔اونٹی کا دودھ چار تولہ۔موم سفید چار تولہ۔انڈے کی سفیدی چار تولہ۔کافور ایک تولہ۔

اونٹی کا دودھ کڑاہائی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھیں اور موم ڈال کر گھماتے رہیں۔پھر کافور۔سفید کاشغری ڈال کر گمائیں۔بعد میں گرما گرم کھرل میں ڈال کر انڈے کی سفیدی ڈال کھرل کر کے مرہم بنائیں۔

کھدر کے کپڑے پر لگا کر زخم پر باندھیں۔آدھے گھنٹے میں درد ختم ہو جائے گا۔چوبیس گھنٹے کے بعد پٹی تبدیل کرنی ہے۔ایک ہفتے میں بفضلہٖ تعالیٰ مریض ٹھیک ہو جاتا ہے۔

امراض خبیثہ

بادفرنگ۔آتشک۔خنازیر۔چنبل۔کینسر۔غدود مثانہ۔رحم کے کینسر کے لیے اکسیر ہے۔

ھوالشافی: رسکپور 4 تولہ۔دارچکنہ 3 تولہ۔شنگرف 2 تولہ۔سم الفار 1 تولہ۔ہڑتال ورقیہ 6 ماشہ۔سیماب 6 ماشہ۔طوطیا سبز 6 ماشہ۔زنگار 6 ماشہ۔مردار سنگ 6 ماشہ۔سونا مکی 6 ماشہ۔نوشادر 6 ماشہ سب ادویہ آب ثمہ مقطر تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ایک کلو ثمہ کا پانی جذب کروا کے خشک کر چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر دو ہانڈیوں میں بند ستور موجب جوہر کشید کریں۔12 گھنٹے نرم آگ پر یہ عمل کریں ٹھنڈا ہونے کے بعد اوپر والا جوہر اور نیچے والے ہانڈھی والا مال مکس کر ایک گھنٹہ خشک کھرل کر ایک کلو ثمہ کا پانی اور جذب کروا کے مذکورہ

طرح پھر جوہر حاصل کریں۔اورکسی کانچ والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔خوراک ایک چاول مکھن میں دیں اور دودھ پلائیں۔تین گھنٹے تک دودھ کے علاوہ کچھ نہ دیں بعد میں دیسی گھی میں چوری بنا کر مریض کو کھلانے کی ہدایت کریں۔نمک۔سرخ مرچ بند کریں۔پرانے سے پرانا مریض بھی دو ہفتے میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔

پھوڑے کے لیے مفرد لپری

ھواشافی: مانجھانڈری درخت کے تازے پتے کوٹ کر لپری بنا کے پھوڑے پر باندھین 12 گھنٹے مین پھٹ جاتا ہے
پتھر چٹ بوٹی کے پانچ۔چھ پتے لیکر اس میں تھوڑا سا تیل لگا کر توے پر گرم کرکے پھوڑے پر باندھیں 12 گھنٹے میں پھٹ جاتا ہے۔

پرانے سے پرانا زخم

جو کسی دوا سے ٹھیک نہ ہو تو چند روز میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ناسور کے زخم بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

ھوالشافی: روغن کنجد 100 گرام۔روغن زیتون 100 گرام۔ریوند عصارہ 10 گرام۔کمیلہ 10 گرام۔گندک آملہ سار 10 گرام۔گندھک ڈنڈا 10 گرام۔نیلا تھوتھا 6 گرام۔کسی کڑھائی دونون روغن ڈال کر باقی ادویہ پیس کر ڈالیں اور آگ پر رکھیں دھوئیں سے خود کو بچائیں۔نرم آگ پر پکائیں۔سیاہ دھواں بند ہو جائے تو اتارلیں۔ٹھنڈا ہونے پر چھان لیں۔دن میں ایک بار لگائیں کسی پٹی باندھنے کی ضرورت نہیں ہے۔10 دن کے اندر بفضلہ تعالیٰ کتنا بھی بگڑا ہوا زخم کیوں نہ ہو وہ بھی ٹھیک ہو جاتا ہے۔اس کے ساتھ کھانے کے لیے کوڑا انڈین اور مصری ہموزن پیس کر 1000 ملی گرام کھانا کھانے کے بعد صبح وشام دیں۔

دل کا اٹیک

ا۔۔ایک تولہ کالی مرچ کو شیر مدار میں تر کرکے خشک کرلیں اور سفوف بنا کر رکھ لیں۔جس کو اٹیک ہو اس کی زبان پر دو چاول رکھ دیں۔اللہ فضل کردے گا۔(یہ نسخہ جناب حکیم ظفر اقبال مدنی صاحب کا ہے)

۲۔۔سرکنڈے کی جڑ کا نمک بنائیں اور ایک رتی مکھن سے کھلائیں۔سات دن تک ایک بار جسے دل کا اٹیک ہوا ہو دوبارہ نہیں ہوگا۔ان شاءاللہ تعالیٰ۔

سفوف شفاء

پیٹ کی بیماریوں کے لیے ''سفوف شفاء'' کے نام سے ایک سفوف بناتا ہوں۔مجرب المجرب ہے۔

ھوالشافی:.زیرہ سفید 50 گرام۔اجوائن خراسانی 50 گرام۔سونف 70 گرام۔پودینہ پہاڑی 70 گرام۔جلوتری 50 گرام جائفل 50 گرام۔فلفل سیاہ 50 گرام۔نمک سیاہ 100 گرام۔طباشیر 50 گرام۔ست لیموں 10 گرام۔قلمی شورہ 10 گرام۔نوشادر 10 گرام۔ست پودینہ 5 گرام سب کو باریک سفوف بنالیں۔ات کو سوتے وقت 3 گرام پانی سے دیں۔

کشتہ نیلا تھوتھا

ایک مجرب المجرب سینے کا راز آپ کی نظر کرتا ہوں جوشوگر۔قوت باہ۔امراض خبیثہ۔کینسر تک کے لیے مجرب المجرب ہے۔ یہ ایک نسخہ مطب کی زینت ہے اور چار چاند لگا دیتا ہے۔

ھوالشافی: نیلا ایک پاؤ ICI والا۔ بلادر آدھ کلو۔ پہلے بلادر کو پانی میں ڈالیں جو پانی کے اوپر تیرنے لگیں ان کو پھینک دیں۔ بقیہ کا وزن آدھ کلو ہو۔ اب نیلے کو کسی پتھر کی کونڈی میں پیس کر باریک کرلیں۔ اب بلادر کی ٹوپیاں اتار کر ایک ایک دانہ ڈال کر نیلے کے ساتھ رگڑائی کرتے جائیں۔ جب بلادر کے ساتھ مکمل رگڑائی ہو جائے تو کسی کوزہ میں ڈالکر گل حکمت کر کے 20 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے کے آدھا کلو شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے گل حکمت کریں اور 7 کلو کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر دوبارہ شیر مدار آدھا کلو میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر 15 کلو کی اگ دیں۔ اب یہ اکسیر تیار ہے کھرل کر کے کانچ والی شیشی میں رکھیں۔ خوراک دانہ خشخاش مکھن میں دیں۔ اس سے پہلے دو لقمے دیسی گھی میں چوری کھلائیں۔ پھر تین گھنٹے تک دودھ کے سوا کچھ نہ دیں۔ دوسری خوراک ساتویں روز دیں۔ مکمل 5 خوراک کافی ہیں مرغن غذا کے ساتھ۔